یکساں حروف والے افعال: ضَلَّ

گزشتہ سبق کی طرح اس سبق میں بھی ہم ایسا فعل سیکھیں گے جس کے مادے میں دو حروف یکساں ہیں: ضَلَّ

- جہاں کہنے میں مشکل ہو، وہاں حروف کو کھول دینا ہے جیسے ضَلّتَ (سکون والی تشدید کے ساتھ) کے بجائے ضَلَلْتَ۔
- اس کا ٹیبل ضَرَبَ يَضْرِبُ کی طرح بنے گا: ضَلَّ يَضِلُّ۔
- امر کی چابی: يَضِلُّ کا یاء گرائیے اور آخری تشدید پر سے پیش نکالیے تو رہ جاتا ہے ضِلّ۔ آخر میں زبر کو لگانا پڑے گا چونکہ صرف تشدید عربی میں نہیں پڑھی جاتی۔ اس لیے یہ ہو گا: ضِلَّ

112 ضَلَّ: وہ گمراہ ہوا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

فعل ماضٍ		فعل مضارع		فعل أمر، فعل نهى، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام	
ضَلَّ	وہ گمراہ ہوا	يَضِلُّ	وہ گمراہ ہوتا ہے	ضِلَّ	تو گمراہ ہو!
ضَلُّوْا	وہ سب گمراہ ہوئے	يَضِلُّوْنَ	وہ سب گمراہ ہوتے ہیں	ضِلُّوْا	تم سب گمراہ ہو!
ضَلَلْتَ	آپ گمراہ ہوئے	تَضِلُّ	آپ گمراہ ہوتے ہیں	لَا تَضِلَّ	تو مت گمراہ ہو!
ضَلَلْتُ	میں گمراہ ہوا	أَضِلُّ	میں گمراہ ہوتا ہوں	لَا تَضِلُّوْا	تم سب مت گمراہ ہو!
ضَلَلْتُمْ	آپ سب گمراہ ہوئے	تَضِلُّوْنَ	آپ سب گمراہ ہوتے ہیں	ضَالٌّ	گمراہ ہونے والا
ضَلَلْنَا	ہم سب گمراہ ہوئے	نَضِلُّ	ہم سب گمراہ ہوتے ہیں	-	-
ضَلَّتْ	وہ عورت گمراہ ہوئی	تَضِلُّ	وہ عورت گمراہ ہوتی ہے	ضَلَالَة	گمراہ ہونا

عربی بول چال

هَلْ يَضِلُّ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ؟ — لَا يَضِلُّ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ.

هَلْ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ؟ — لَا يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ.

هَلْ تَضِلُّ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ؟ — لَا أَضِلُّ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ.

هَلْ تَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ؟ — لَا نَضِلُّ عَنْ سَبِيْلِ اللهِ.

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلْ يَضِلُّ عَنِ الطَّرِيْقِ؟ لَا يَضِلُّ عَنِ الطَّرِيْقِ.

ضَلَّ ہی کی طرح خَرَّ (وہ گرا) کا پورا ٹیبل بنایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔